© rasailojaraid.com

کریں گے''۔ معین حیدر بھی اب کہتے ہیں کہ مجلس عمل والے اچھے لوگ ہیں، کسی کو تشویش نہیں ہونی چاہیے۔ عبدالرزاق داؤد نے کہا ''آئندہ حکومت میں شمولیت کے لیے' میں داڑھی رکھنے پر تیار ہوں''۔ امریکہ، ہندوستان سر بہ گریباں ہیں، حکومت سوچ رہی ہے کہ کیا بنے گا؟ یہ بھی کہا جارہا ہے کہ اب علماء کو دیکھتے ہیں، یہ کیا کرتے ہیں! رفیق تارڑ نے کہا ''حکمران ایک داڑھی والے صدر سے تنگ تھے، اللہ نے اسمبلی میں پچاس بٹھا دیئے''۔

اب یہ علماء کا فریضہ ہے کہ وہ اسی طرح متحد رہتے ہوئے' وطن عزیز کی بقا اور قوم کی فلاح کے لیے کچھ کرگزریں۔ قدرت کی طرف سے انہیں ایک سنہری موقع فراہم کیا گیا ہے۔ دردِل پہ ایک دستک ہے۔ امید ہے علماء کرام قوم کو مایوس نہیں کریں گے کہ قریباً ستر فیصد عوام کی نظر اب اُن پر ہے اور انہیں امید ہے کہ:

کتنی ہی قوت دکھائے لشکر ابن زیاد
جنگ میں سبقت مگر ابن علی لے جائے گا

## مسافرانِ آخرت

☆ چودھری نورالدین احرار مرحوم: مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے سابق رکن محترم چودھری نورالدین احرار ۲۵ راکتوبر ۲۰۰۲ء بروز جمعہ ڈیرہ اسمٰعیل خان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم قدیم احرار کارکن تھے۔ جماعت کیلئے ہمیشہ ایثار اور خلوص کے ساتھ کام کیا۔ تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء اور ۱۹۷۴ء میں مجاہدانہ کردار ادا کیا۔ حضرت امیر شریعتؒ اور ان کے خانوادے سے بہت محبت کرتے تھے۔

☆ شیخ محمد معاویہ مرحوم، ولد شیخ محمد انور صاحب عمر ۳۲ سال انتقال ۲ راکتوبر ۲۰۰۲ء ملتان

☆ محمد اشتیاق مرحوم: شاہی چکن بروسٹ ملتان کے مالک مقصود خان صاحب کے بہنوئی انتقال ۹ راکتوبر ۲۰۰۲ء

☆ متعلم مدرسہ معمورہ محمد ذوالقرنین مرحوم ولد لال حسین اختر صاحب عمر تقریباً ۱۴ رسال انتقال ۲۷ راکتوبر ۲۰۰۲ء۔ دار بنی ہاشم ملتان کے پڑوس میں رہائش پذیر تھے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور بہشت میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ لواحقین و پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین) احباب و قارئین ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## دعاءِ صحت

☆ مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالہ کے امیر قاری عبدالرحیم فاروقی اور عبدالرحمٰن جامی کی والدہ ماجدہ شدید علیل ہیں۔

☆ مجلس احرار اسلام کے مرکزی رکن شوریٰ محترم ڈاکٹر منظور احمد صاحب (عزیز فہیم میلسی) کی اہلیہ شدید علیل ہیں۔

احباب دعاء صحت کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے (آمین)


© rasailojaraid.com